10/06/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ   عارف حسینسے خبریں سُنئے

**برس 11**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت پچھلے گیارہ برسوں کے دوران نریندر مودی کی قیادت والی حکومت میں اقتصادی بحالی ، سماجی انصاف ، ثقافتی افتخار اور قومی سلامتی کے ایک نئے دور میں داخل ہو ا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ کم سے کم حکومت اور زیادہ سے زیادہ حکمرانی کے نظریے نے ملک کے ترقیاتی منظر نامے میں تیزی سے ایک مثبت بدلاو لایا ہے ۔ قومی سلامتی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نکسل واد آخری سانسیں لے رہا ہے جبکہ جموں کشمیر اور شمال مشرق میں امن قائم کیا گیا ہے ۔

اِدھر بی جے پی ہیڈ کوارٹر جموں میں بی جے پی جموں کشمیر کے صدر ست شرما کی قیادت میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران پچھلے گیارہ برسوں کی وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کے مثبت کام کو اجا گر کیا گیا ۔

**معاوضہ**

مرکزی سرکار جموں کشمیر کے سرحدی ضلعوں میں پاکستان کی شیلنگ سے تباہ ہوئے دو ہزار 60 رہائشی مکانات کے مالکان کے حق میں اضافی معاوضہ ادا کرنے کے لئے اضافی 25 کروڑ روپے وا گزار کرے گی ۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعظم نے حال ہی میں مکمل طور سے تباہ ہوئے مکان کے لئے دو لاکھ جبکہ جزوی طور تباہ ہوئے مکان کے لئے ایک لاکھ روپے اضافی معاوضے کا اعلان کیا تھا ۔ وزارت نے اس فیصلے کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے کے لئے اقدامات کئے ہیں ۔

**چیف سیکریٹری**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران ایمز کشمیر پروجیکٹ کی پیش رفت کے ساتھ ساتھ ایمز جموں کو توسیع دینے کے معاملات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ایمز کشمیر پر سست رفتاری سے ہو رہے کام پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس پروجیکٹ کو اس سال نومبر مہینے تک کسی بھی حالت میں مکمل کریں ۔ انہوں نے ایمز جموں کی اہم ضروریات کو پورا کرنے کی بھی ہدایات دیں ۔

**کرشی سنکلپ ابھیان**

ملک میں12جون تک جا ری رہنے والے15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان کے تحت ان دنوں بیداری پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔ مہم کے بارے میں بارہمولہ اور بانڈی پورہ کے چیف ہارٹیکلچر آفیسر فاروق احمد تانترے نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**انتقال**

استاد محلہ جموں کی مسجد کے امام مولانا سراج الدین قاسمی انتقال کر گئے ہیں ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے مرحوم کو سماج بالخصوص نوجوانوں کے لئے ایک مشعل راہ قرار دیا ہے ۔

**یوگا**

اس سال پوری دنیا کے ساتھ بھارت میں بھی21جون کو یوگا کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ اس سال اس دن کا موضوع Yoga for one Earth, one Healthہے ۔ یو گا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ ادارے کی ریجنل ڈائریکٹر وندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-(Wandna Daftari)--Byte--

**ڈپٹی کمشنر گاندربل**

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران آنے والی شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات اور بال تل روٹ سے جاری تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کی سہولت کے لئے تمام انتظامات مکمل کریں ۔ انہوں نے بال تل کے راستے سے ہاتھ میں لئے گئے تمام کاموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی بھی ہدایات دیں ۔

**گرمی**

جمونو کشمیر میں ہر گزرتے دن کے ساتھ گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جموں میں دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت44ڈگری جبکہ سرینگر میں دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت33ڈگری سیلسئس سے تجاوز کر گیا ہے۔ ماہرین نے عام لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ گرمی کے مضر اثرات سے بچنے کےلئے لازمی احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔ خاص طور سے ماہرین نے زیادہ سے زیادہ صحت بخش مشروبات استعمال کرنے پر زور دیا ہے۔

**درجہ حرارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ